# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 07:30.......07:40 /PM

**Date: 30 July 2026**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل قادری

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

..........

ہیڈلائنز

**1**۔۔۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے گاندربل ضلع میں جاری تعمیراتی پروجیکٹوں کا لیا جائزہ۔

**2**۔۔۔ پارلیمنٹ نے **Prevention of Insults to National honour** ترمیمی بل **2026** کو دی منظوری۔

**3**۔۔۔ منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری //پولیس نے سرینگر میں ایک کروڑ روپے مالیت کی دو جائیدادوں کو کیا اٹیچ۔

اور

**4**۔۔۔ جموں وکشمیر میں اب تک لگ بھگ **39** ہزار کنبے پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے مستفید۔

...................

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گاندربل ضلعے کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں لوگوں کے ساتھ بات چیت کی اور ایک جائزہ میٹنگ میں ضلع میں کلیدی نوعیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے نئے بس اڈہ روڑ کی تعمیر کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عمل آوری ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ عوامی سہولیت کیلئے اس پروجیکٹ میں تیزی لائیں۔ بعد میں ایک جائزہ میٹنگ

کے دوران وزیر اعلیٰ نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلع کے ترقیاتی منظر نامے کو آگے بڑھانے کیلئے تندہی کے ساتھ کام کریں۔ دورے کے دوران عمر عبداللہ نے متعدد عوامی وفود اور افراد کے ساتھ بات چیت کی اور اُن کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُجاگر کیئے گئے تمام معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ بعد میں ہمارے نمائندے صابر ایوب کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

----Byte-----

.....................

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی جانب سے UGC یونیورسٹی درجہ بندی ضوابط کے تحت باوقار زمرے میں پہلا مقام عطا کیئے جانے پر کشمیر یونیورسٹی کو مبارک باد دی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس کامیابی کو جموں وکشمیر میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کیلئے ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ کامیابی ان اساتذہ محققین دانشوروں اور طالب علموں کی محنت اور عزم کا نتیجہ ہے جنہوں نے کشمیر یونیورسٹی کو ملک کے ممتاز تعلمی اداروں میں نمایاں مقام دلانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

.....................

لوک سبھا

لوک سبھا کی کاروائی کے آج کے اجلاس کے آغاز پر اسپیکر اوم برلا نے دولت مشترکہ کھیلوں میں مردوں کی 100 میٹر دوڑ میں سونے کا تمغہ جیتنے والے دلیپ گاوت اور چاندی کا تمغہ حاصل کرنے والے محمد باسل کو مبارکباد دی۔ بعد میں وقفہ سوالات شروع ہوتے ہی اپوزیشن ارکان نے نیٹ پیپر امتحان معاملے پر طلباء کے احتجاج کے دوران مبینہ پولیس کاروائیوں کے خلاف نعرے بازی کی اور مرکزی وزیداخلہ امت شاہ سے بیان دینے کا مطالبہ کیا۔ ہنگامہ جاری رہنے پر اسپیکر نے ایوان کی کاروائی دوپہر 3 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔

----Byte-----

.....................

بل منظور

پارلیمنٹ نے پروینشن آف انسلٹس ٹو نیشنل آنرز ترمیمی بل 2026 کو منظوری دی ہے۔ امور داخلہ کے وزیر مملکت نے یہ بل ایوان میں پیش کیا۔ اس قانون کی رو سے وندے ماترم کو بھی قومی ترانے ’جنہ گنہ منہ‘ کے برابر کا وقار حاصل ہوگا۔ بل پر آج ہوئے بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ بل محض ایک ترمیم نہیں بلکہ یہ ملک کے ثقافتی ورثے قومی شناخت اور ملک کی جدو جہد آزادی کے معماروں کی نمائندگی کرتا ہے۔

.....................

ترمیمی بل

راجیہ سبھا میں آج پبلک ایگزامینیشنز ( پری وینشن آف اَن فیئر مینز ) ترمیمی بل 2026 غور وخوض اور منظوری کے لیے پیش کیا گیا۔ مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایوان میں یہ بل پیش کیا۔ لوک سبھا نے اس بل کو گزشتہ روز منظور کیا ہے۔ بل میں امتحانی بے ضابطگیوں پر دس سال تک قید، دس کروڑ روپے تک جرمانہ اور مجرموں کی جائیداد ضبط کرنے کی دفعات شامل ہیں، جبکہ مقدمات کی تیز رفتار سماعت کے لیے خصوصی فاسٹ ٹریک عدالتوں کے قیام کی بھی تجویز دی گئی ہے۔

......................

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ نیٹ پیپر لیک معاملے پر طلباء کے احتجاج کے دوران جنتر منتر پر تعینات ریپڈ ایکشن فورس کے ایموینشن کا ریکارڈ محفوظ رکھیں۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوئی مالیا باغچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بینچ نے پیلٹ گن کے استعمال پر دائر عرضی کی سماعت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کو غیر معمولی حالات میں پیلٹ گن استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ عدالت نے دہلی حکومت کو احتجاج کے دوران پیلٹ سے زخمی ہونے والے افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

......................

منشیات

سرینگر پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج پمپوش کالونی پالہ پورہ نور باغ سرینگر کے عاقب مشتاق کینو نامی ڈرگ سمگلر کے 50 لاکھ روپے مالیت کے رہائشی مکان کو اٹیچ کر دیا ہے۔ اسی طرح پولیس نے پتھر مسجد زینہ کدل سرینگر کے الطاف احمد نجار عرف ٹی کے خان نامی ڈرگ سمگلر کی 55 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو بھی اٹیچ کر دیا ہے۔ اس جائیداد میں رہائشی مکان اور دو دکانیں شامل ہیں۔ ایک پریس بیان میں پولیس نے کہا ہے کہ ان دو ڈرگ سمگلروں نے یہ جائیداد منشیات کے کاروبار سے حاصل کی ہے۔ پولیس نے پلوامہ میں ایک کارروائی کے دوران 2 ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاء برآمد کی ہے۔ اونتی پورہ میں بھی پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا ہے۔

......................

PM مہم

وزیراعظم نریندر مودی 2 اگست کو نشہ مکت یوا فار وکست بھارت مہم کی شروعات کریں گے۔ امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر منسکھ منڈاویہ نے کہا کہ افتتاحی تقریب میں ایک کروڑ سے زائد شرکا شامل ہوں گے۔ سو ہفتوں پر مشتمل اس قومی سطح کی جن بھاگیہ

داری مہم کا مقصد نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنا ہے۔مہم کے تحت ہر اتوار کو نشہ مکت عہد دلایا جائے گا اور نوجوانوں کیلئے بیداری پروگرموں اور کمیونٹی ریلیز کا انعقاد کیا جائے گا۔

.....................

سولر پینل

جموں وکشمیر میں تقریباً 39 ہزار کنبوں نے PM سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے استفادہ کیا ہے۔لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت نے کہا ہے کہ 24 جولائی 2026 کو دستیاب اعداد وشمار کے مطابق یوٹی میں 38 ہزار 955 مکانوں پر سولر پینل نصب کئے گئے ہیں۔وزارت نے مزید بتایا کہ بنکوں نے اس سلسلے میں 5 ارب 33 کروڑ روپے کی رقم بطور قرضہ فراہم کی ہے۔چھتوں پر سولر پینل نصب کئے جانے کے بعد جموں وکشمیر میں 8 ہزار 673 صارفین ایسے درج ہوئے ہیں جن کی بجلی بل صفر ہوگئی ہے۔

.....................

جاوید ڈار

وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں شیپ ہسبنڈری محکمہ کے تحت عملائے جارہے HADP کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔وزیر موصوف نے کہا کہ وول سیکٹر میں مثبت بدلاؤ لانے کیلئے ایک جامع اور نتیجہ خیز حکمت عملی اپنائی جانی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں بھیڑ پالنے والوں کیلئے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا جانا چاہئے۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ جموں کشمیر میں اس وقت بھیڑوں کی تعداد 43 لاکھ ہے اور یہاں سالانہ 8 عشاریہ 6 ملین کلو گرام اون تیار ہوتا ہے۔

.....................

ستیش شرما

خوراک سول سپلائز اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے آج الگ الگ میٹنگوں کے دوران JKRTC، ٹرانسپورٹ، MVD اور سٹیٹ موٹر گیراجز محکموں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔اس موقعہ پر انہوں نے یوٹی بھر میں لوگوں کو دی جارہی سہولیات کیلئے ٹیکنالوجی کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لانے پر زور دیا۔انہوں نے ان محکموں کے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کے اعلیٰ معیار اور شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

.....................

**Break**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن

News on AIRاور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

.....................

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے اور اب تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے تھے۔ آج شام تک مزید **5** ہزار **200** اتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔ پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہے جس کے چلتے اس روٹ سے یاترا عارضی طور پر بند ہے۔ اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے ایک ہزار **795** یاتریوں پر مشتمل **23** واں قافلہ وادی پہنچا۔

.....................

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں شہری علاقوں کے غریبوں کیلئے عملائی جارہی پردھان منتری آواس یوجنا اربن کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے اس اسکیم کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اسکیم نے غریبوں کے معیار حیات میں مثبت تبدیلی لائی ہے۔ انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اسکیم کی موثر عمل آوری میں رکاوٹوں کو فوری طور سے دور کریں۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ **PMAY** ۔ اربن کے تحت منظور کئے گئے **36** ہزار **412** رہائشی یونٹوں میں سے اب تک **31** ہزار **633** یونٹ مکمل کئے گئے ہیں۔

.....................

ڈی جی پی

جموں وکشمیر پولیس کے ڈائریکٹر جنرل نلین پربھات نے پاکستان میں سرگرم پانچ بدنام دہشت گردوں کی جائیدادیں ضبط کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ ادھر جموں وکشمیر پولیس نے پاکستان میں موجود لشکرِ طیبہ کے سرغنہ دہشت گرد محمد قاسم کے خلاف عدالتی اشتہاری کارروائی بھی حاصل کرلی ہے۔ اس کی جائیداد رواں سال مارچ میں ضبط کی جاچکی ہے۔

.....................

ترجمہ

ساہتیہ اکیڈمی نے معروف کشمیری خواتین شعرا جن میں لل دید جبہ خاتون اور روپ بھوانی شامل ہیں، کے ادبی کام کا ملک کی مختلف زبانوں میں ترجمہ کرنے اوراسے شائع کرنے کا کام ہاتھ میں لیاہے۔ یہ جانکاری آج سیاحت اور کلچر کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے راجیہ سبھا میں ایک سوال کے جواب میں دی۔انہوں نے کہا کہ ساہتیہ اکیڈمی نے اس کام کا **24** تسلیم شدہ بھارتی زبانوں میں ترجمہ شروع کیا ہے۔

......................

کپوارہ سیاحت

دریں اثناء وزیر موصوف نے ایک اور سوال میں کہا کہ مرکزی حکومت کپوارہ ضلعے کے سیاحتی مقامات جن میں لولاب وادی، بنگس وادی، کیرن، مڑھل اور ٹیٹوال کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں سیاحتی سیکٹر کو دوام بخشنے کیلئے **58** کروڑ روپے کی سرمایہ کاری والے پروجیکٹ عملائے جارہے ہیں۔

......................

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں سرینگر کے رہنے والے محمد امین بٹ اور خالد حسین خان راجستھان کے رہنے والے انیل کمار مہیشوری اور اتر پردیش کے رہنے والے ششانک کمار کے خلاف مالی دھوکہ دہی کا ایک کیس درج کیا ہے۔

......................

**FC1**

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج **FC1** کی **135**ویں ڈیورنٹ کپ میں شرکت کر کے ٹیم کی آفیشل جرسی کی رونمائی کی۔اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ ایشیا کے قدم ترین فٹبال ٹورنامنٹس میں شمار ہونے والے ڈیورنٹ کمپ میں **FC1** کی شرکت جموں کشمیر اور لداخ کی کھیلوں میں ایک سنگ میل ہے۔

......................

عرس شیخ کامل

بلند پایہ ولی کامل حضرت شیخ کامل شیخ بابا علی والی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس آج عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقعہ خانقاہ معلیٰ سرینگر میں درود واذ کار اور ختمات المعظمات کی تقاریب منعقد ہوئیں، جن میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

......................

عرس

بلند پایہ ولی سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں متبرک ایام جاری ہیں ۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع کوہ ماران مخدوم صاحب میں روزانہ بنیادوں پر ختمات المعظمات درود واذ کاراور نعت ومناجات کی روح پرور مجالس کا اہتمام جاری ہے ۔ان مجالس میں بڑی تعداد میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عقیدت مند شرکت کررہے ہیں ۔عرس کی مرکزی تقریب ماہ صفر کی 24 تاریخ یعنی 8 اگست کو منائی جارہی ہے ۔

.....................

صوفی فورم

ٹائیگو رہال سرینگر میں آج کشمیر صوفی فورم اور احد زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن کی طرف سے معروف شاعر نعمہ صاب کی یاد میں ایک محفل موسیقی کا انعقاد کیا گیا ۔جس دوران وادی کے معروف گلوکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کرکے نعمہ صاب کو خراج عقیدت ادا کیا ۔

.....................

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا ۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا ۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 41 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 33 منٹ پر ہوگا ۔

.....................

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔خدا حافظ ۔

.....................